PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 20th

Notice No. 2146

Received Dated 08 / 10 /2021

Admitted Dated 01 / 11 /2021

Department **Health**

توجہ دلاو نوٹس نمبر 2146

منجانب: **شگفتہ ملک**، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ گزشتہ دنوں میں نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ہنگو کا دورہ کیا تھا جہاں پر خواتین سے ملاقات کر کے انکے مسائل سنے اکثریت خواتین نے مجھے شکایت کی کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ہنگو میں کروڑوروپے خرچ ہوئی ہیں لیکن وہاں سٹاف کی عدم دستیابی اور سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے خواتین کو کافی مشکلات ہیں انہوں نے مزید کہا کہ خواتین ڈاکٹر فیمل نرس نہ ہونے کی وجہ سے خواتین کو پرائیویٹ ہسپتال یا پھر پشاور ریفر کیا جاتا ہے اس بارے جب میں نے ہسپتال کے ایم ایس سے ملاقات کی تو انہوں نے بھی یہی مسلہ بیان کیا کہ یہاں خواتین سٹاف نہیں ہیں اور جو آتے ہیں وہ یہاں سے واپس ٹرانسفر کرتے ہیں ہسپتال کی بلڈنگ اور تنخواہوں پر ہر مہینے کروڑوں روپے خرچ ہوتے ہیں لیکن ہسپتال عوام کو اور خاص کر خواتین کو سہولیات دینے سے قاصر ہے حکومت مذکورہ ہسپتال کیلئے فوری طور پر لیڈی ڈاکٹر، نرسسز اور ٹیکنیشن سٹاف تعینات کرنے کے احکامات جاری کرے تاکہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ہنگو میں خواتین کی بیماریوں کا علاج ممکن ہو سکے۔